NYC محکمہ صحت کی مخصوص خلاف ورزیوں کے مدنظر دیوانی ہرجانے سے بچنا: نگہداشت طفل کے پروگراموں کے لیے اس حوالے سے ایک رہنما کہ مخصوص خلاف ورزیوں کی "تدبیر" کیسے کی جائے

براہ کرم نوٹ کریں کہ اس دستاویز کے ترجمہ شدہ ورژن آپ کے حوالے کے لیے آن لائن دستیاب ہیں۔ خلاف ورزیوں کی تدبیر کرنے کے لیے، براہ کرم فارموں کو انگریزی میں پُر کریں۔

نیو یارک سٹی محکمۂ صحت اور حفظان ذہنی صحت (NYC محکمہ صحت) کی جانب سے کاروباروں کو جاری شدہ پہلی بار کی مخصوص خلاف ورزیوں کی "تدبیر" ہو سکتی ہے۔ خلاف ورزی کی تدبیر کرنے کے لیے، کاروبار پر جس صورتحال کے لیے انہیں پروانہ طلبی موصول ہوا اس کی اصلاح کرنا اور NYC محکمہ صحت کے پاس ثبوت جمع کرانا ضروری ہے۔ اگر NYC محکمہ صحت یہ فیصلہ کرتا ہے کہ کاروبار نے صورتحال کی اصلاح کر لی ہے تو، کوئی دیوانی ہرجانہ (مالی جرمانہ) اس کاروبار کے خلاف نہیں لگے گا۔

کن خلاف ورزیوں کی تدبیر ہو سکتی ہے؟
اس دستاویز میں موجود چارٹ میں درج خلاف ورزیوں کی تدبیر ہو سکتی ہے۔

پہلی بار کی خلاف ورزی کیا ہے؟
پہلی بار کی خلاف ورزی وہ خلاف ورزی ہوتی ہے:

- جس کا حوالہ 6 مارچ 2023 کو یا اس کے بعد دیا گیا ہو
- جو NYC آفس آف ایڈمنسٹریٹو ٹرائلز اینڈ ہیئرنگز (NYC Office of Administrative Trials and Hearings, OATH) میں زیر التوا ہو یا اسے موقوف رکھا گیا ہو یا اسے ڈیفالٹ قرار دیا گیا ہو

خلاف ورزی کی تدبیر کرنے کے لیے مجھے کیا چیز جمع کرانے کی ضرورت ہے؟
اثبات فارم مکمل کریں اور اپنی پہلی خلاف ورزی کی تدبیر کرنے کا ثبوت معائنہ کی تاریخ سے (جو آپ کے پروانہ طلبی پر تحریر ہے) زیادہ سے زیادہ **سات تقویمی دنوں** میں جمع کرائیں۔ اگرآپ کی خلاف ورزی جائے کار میں دھوئیں سے پاک ہوا سے متعلق ایکٹ کی پالیسی نمایاں طور پر پوسٹ کرنے میں ناکامی کے مدنظر تھی تو، تدبیر کرنے کا آپ کا ثبوت معائنہ کے بعد **30 تقویمی دنوں** کے اندر ہونا ضروری ہے۔

میں اپنا اثبات فارم کہاں جمع کراؤں؟
آپ اپنا **اثبات فارم** ای میل کر سکتے ہیں یا اسے بذات خود جمع کرا سکتے ہیں۔ تفصیلات کے لیےاس دستاویز کے درج ذیل سیکشن دیکھیں۔

مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ آیا NYC محکمہ صحت نے میرا ثبوت قبول کر لیا اور کوئی ہرجانہ نہیں لگے گا؟
اگر آپ کی عرضی قبول ہو گئی تھی اور خلاف ورزی کی تدبیر ہو گئی تھی تو NYC محکمہ صحت آپ کو مطلع کرے گا۔ NYC محکمہ صحت خلاف ورزی کی تدبیر ہو جانے پر اور کوئی ہرجانہ نہیں لگنے پر OATH کو بھی مطلع کرے گا۔

اگر NYC محکمہ صحت آپ کا ثبوت مسترد کر دیتا ہے تو، آپ OATH کے پاس اپیل کر سکتے ہیں۔

اگر خلاف ورزی آپ کے ریکارڈ میں رہتی ہے تو اس کی تدبیر کرنے کا کیا فائدہ ہے؟
آپ کو پہلی بار کی خلاف ورزی کے لیے جرمانہ ادا نہیں کرنا ہوگا۔

نگہداشت طفل کے پروگراموں کے لیے کون سی خلاف ورزیاں قابل تدبیر ہیں؟
ذیل کا جدول دکھاتا ہے کہ نگہداشت طفل کے پروگراموں کے لیے کون سی خلاف ورزیاں قابل تدبیر ہیں:

قانون کا التزام جس کی خلاف ورزی ہوئی	وضاحت
NYCHC 47.73(b)(2) انتظامی کوڈ 17-1303	نگہداشت طفل کی خدمت کی دستیابی کے معائنے کی معلومات پوسٹ نہیں کی گئی

نگہداشت طفل کے پروگرام اپنا اثبات فارم کس طرح جمع کراتے ہیں؟
آپ اپنا **اثبات فارم** ای میل کر سکتے ہیں یا اسے بذات خود جمع کرا سکتے ہیں۔ اپنا اثبات فارم اور کوئی فوٹو یا دستاویزات جمع کرانے کے لیے:

- بذریعہ ای میل، انہیں **childcareinfo@health.nyc.gov** پر بھیجیں۔ موضوع کی سطر میں "تدبیر کا ثبوت – پروانہ طلبی [ڈاکیٹ نمبر]" (Proof of Cure – Summons / [Docket number]) لکھیں
- بذات خود، انہیں لے کر اپنے نامزد بورو آفس میں آئیں (پتہ اور رابطہ کی معلومات کے لیے **nyc.gov/assets/doh/downloads/pdf/dc/cc-boro-offices-gcc.pdf** ملاحظہ کریں)

NYC محکمہ صحت کے پاس غلط بیانات جمع کرانے کا نتیجہ NYC ضابطہ صحت کی خلاف ورزیوں اور دیگر قابل اطلاق قوانین کے مدنظر ہرجانوں کی صورت میں برآمد ہو سکتا ہے۔ خلاف ورزی کے ضابطوں کو سمجھنے یا مناسب فارموں کو پُر کرنے میں مدد کے لیے ترجمانی یا ترجمہ میں اعانت کے لیے، براہ کرم 646-632-6100 پر کال کریں۔